پریس ریلیز

گوجرانوالہ06اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے وفد کے ہمراہ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی سے ملاقات کی ۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ واسا حکام بزنس کمیونٹی کو نہ صرف ناجائز بل بھجوار ہے بلکہ مشینری کے ساتھ کاروباری مراکز پر جاکر پریشان کرر ہے ہیں ۔ انہوں نے بتایا کہ گوجرانوالہ میں خیراتی ہسپتال جو لوگوں کو مفت طبی سہولیات دے رہے ہیں جنہیں ٹیکسوں میں بھی چھوٹ دی گئی ہے انہیں بھی بھاری رقوم کے بلز بھجوائے جارہے ہیں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ واسا حکام کا کہنا ہے کہ ہم نئے شیڈول کے مطابق بلز بھیج رہے ہیں جبکہ اس شیڈول میں بیشمار ابہام موجود ہیں پہلے ابہام دور کئے جائیں پھر لوگوں سے بلز وصول کئے جائیں ۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ کو ہدیت جاری کی کہ ہم نے بزنس کمیونٹی اور شہریوں کو سہولیات اور آسانیاں دینے کیلئے کام کررہے ہیں لہٰذا گوجرانوالہ چیمبر کے ساتھ بیٹھیں اور اس مسئلہ کا مثبت حل تلاش کریں ۔

ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر سے ملاقات کی اور کہا کہ جو واسا کا نیا شیڈول حکومت پنجاب نے جاری کیا ہم شیڈول کے پابند ہیں ۔ البتہ شیڈول اور قانونی فریم ورک میں رہتے ہوئے بزنس کمیونٹی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیں گے ۔ ہم کاروبار کو بند نہیں کرنا چاہتے نہ ہی ان کے لئے کوئی پریشانی پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ نئے شیڈول میں ابہام موجود ہیں ہم مل بیٹھ کر ان ابہام کو دور کریں گے جہاں تک خیراتی ہسپتالوں کا معاملہ ہے اس پر ہم حکومت پنجاب کو سفارش بھی کریں گے اور لاء کی وضاحت بھی حاصل کرلیں گے ۔ جب تک کے ساتھ مل بیٹھ کر معاملات طے نہیں ہوجاتے کوئی بھی تادیبی کاروائی نہیں کی جائے گی ۔ اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم ، اراکین مجلس عاملہ احسن محمود، نعیم آصف مغل، سابق صدور شیخ محمد نسیم ، اخلاق احمد بٹ، خواجہ ضرار کلیم، نواز احمد باجوہ سعید احمد تاج کے علاوہ دیگر اراکین چیمبر بھی موجود تھے ۔